www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت' ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ'
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
LOCAL EDITION FRIDAY JUNE 16, 2023
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449، 5962444 فیکس 5962277
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 12 قیمت 30 روپے
جلد 65 جمعہ 26 ذیقعد 1444ھ 16 جون 2023ء 2 ہاڑ 2080ب نمبر 165

# ائیر پورٹ پر مسافروں سے ناجائز پیسے کی وصولی ناقابل برداشت، وفاقی محتسب

## تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کیلئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگانے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے بارے میں کثیر تعداد میں شکایات موصول ہونے پر اسلام آباد ائرپورٹ پر اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں سے ناجائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر برائے اوورسیز پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم اسلام آباد ائرپورٹ پر بھیجی جس نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کردی ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے کی شکایات ناقابل برداشت ہیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے گزشتہ روز ائرپورٹ کے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کرکے ان کی شکایات سنیں اور ائرپورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دیکر ان کے مسائل حل کرائے۔ یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کیلئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگائے جائیں۔

www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

FRIDAY, JUNE 16, 2023

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 19 | جمعتہ المبارک، 26 ذیقعد، 16 جون 2023ء، صفحات 12 قیمت 30 روپے


## وفاقی محتسب کا ائیر پورٹ پر پیسے لینے کی شکایات کا نوٹس

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب نے اسلام آباد ائیر پورٹ پر مسافروں سے پیسے لینے کی شکایات کا نوٹس لے لیا۔ معائنہ ٹیم نے اسلام آباد ائیر پورٹ کا دورہ کیا، (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

### وفاقی محتسب

مسافروں کی شکایات سن کر موقع پر ہدایات جاری کیں۔ معائنہ ٹیم نے مسافروں سے ناجائز پیسے لینے والے اہلکاروں کیخلاف ایکشن لینے کی ہدایت بھی کی ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے بارے میں کثیر تعداد میں شکایات موصول ہونے پر اسلام آباد ائرپورٹ پر اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں سے ناجائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر برائے اوورسیز پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم اسلام آباد ائرپورٹ پر بھیجی۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

FRIDAY, JUNE 16, 2023

جلد نمبر 29 | جمعۃ المبارک 26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء 2 ہاڑ 2080 ب | شمارہ 104

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 12 قیمت 30 روپے

# ایئرپورٹ پر پیسے لینے کی شکایات ناقابل برداشت، محتسب

## معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ایئرپورٹ کا دورہ، شکایات سنیں، رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ایئرپورٹ کے بارے میں زیادہ شکایات موصول ہونے اور اندرون و بیرون ملک پاکستانیوں سے ناجائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر اور سینئر پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم بھیجی جس نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی، وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے کی شکایات ناقابل برداشت ہیں، محتسب ٹیم نے گزشتہ روز ایئرپورٹ کے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور ایئرپورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دے کر ان کے مسائل حل کرائے، ٹیم نے ایئرپورٹ پر نیشنل و انٹرنیشنل لاؤنجز، ٹیج ایریا، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا۔

روزنامہ الاخبار

روزنامہ "الاخبار" (4) 16 جون 2023ء

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائرپورٹ کا دورہ



اسلام آباد (پ ر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائر پورٹ کے بارے میں کثیر تعداد میں شکایات موصول ہونے پر اسلام آباد ائر پورٹ پر اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں سے ناجائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر برائے اوورسیز پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم اسلام آباد ائر پورٹ پر بھیجی جس نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے کی شکایات ناقابل برداشت ہیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے گزشتہ روز ائر پورٹ کے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور ائر پورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دے کر ان کے مسائل حل کرائے۔ ٹیم نے ائر پورٹ پر نیشنل و انٹرنیشنل لاؤنجز، تیج ایریا، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا اور ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا ریسرچ ڈیسکوں پر سی سی ٹی وی کیمرے لگانے کی ہدایات دیں علاوہ ازیں یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگائے جائیں اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھایا جائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر ہی ویزا اسٹیمپ کی سہولت نہ ہونے کا بھی نوٹس لیا۔ آخر میں کانفرنس روم میں تمام متعلقہ ایجنسیوں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران ائرپورٹ پر آنے والے مسافروں بالخصوص بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے تجاویز مرتب کی گئیں۔

روزنامہ ممتاز راولپنڈی
THE DAILY MUMTAZ RAWALPINDI
ABC CERTIFIED
بانی: عبداللہ بٹ
جلد 6 | جمعۃ المبارک، 16 جون 2023ء، 26 ذیقعد 1444ھ، 2 ہاڑ 2080 ب | نمبر 168

# مسافروں کی شکایات، محتسب ٹیم کا ایئرپورٹ کا دورہ

## مختلف لاؤنجز و دیگر مقامات کا جائزہ، CCTV کیمرے لگانے کی ہدایت

## پیسے وصولی کی شکایات ناقابل برداشت ہیں، وفاقی محتسب اعجاز قریشی

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ایئرپورٹ کے بارے میں کثیر تعداد میں شکایات موصول ہونے پر اسلام آباد ایئرپورٹ پر اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں سے ناجائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر برائے اوورسیز پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم اسلام آباد ایئرپورٹ پر بھیجی جس نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کردی ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے کی شکایات ناقابل برداشت ہیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے گزشتہ روز ایئرپورٹ کے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کرکے ان کی شکایات سنیں اور ایئرپورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دے کر ان کے مسائل حل کرائے۔ ٹیم نے ایئرپورٹ پر نیشنل و انٹرنیشنل لاؤنجز، Luggages Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کرکے مسائل کا جائزہ لیا اور ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا ریسرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے کی ہدایات دیں۔ علاوہ ازیں یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگائے جائیں۔ ٹیم نے ایئرپورٹ پر Visa Protection Stamp کی سہولت نہ ہونے کا بھی نوٹس لیا۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے قبل ازیں بھی دو ٹیمیں اسلام آباد ایئرپورٹ کے دورہ پر بھیجی تھیں جن کی سفارشات پر عملدرآمد کا ٹیم نے جائزہ لیا اور اطمینان کا اظہار کیا۔

